سیرۃ ہی تو زندگی ہے

تعارف | نصاب | طریقہ کار

تخصص فی السیرۃ النبویۃ ﷺ

سیرۃ نگار
مفتی مصطفیٰ عزیز حفظہ اللہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

تخصص فی السیرۃ النبویۃ

Specialization in Seeraht studies

تعارف وجائزہ

Introduction and overview

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

”لَا يُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ، حَتّٰى أَكُوْنَ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ وَالِدِهِ وَوَلَدِهِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِيْنَ“

”یعنی تم میں سے کوئی شخص اس وقت تک کامل مؤمن نہیں ہوسکتا ہے جب تک کہ میں (حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اس کے نزدیک اس کے والد، اس کی اولاد اور تمام لوگوں سے زیادہ محبوب نہ ہو جاؤں۔“

گویا کہ تکمیلِ ایمان کے لیے لازم ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت کائنات کی ہر چیز حتیٰ کہ اپنی جان سے بھی بڑھ کر ہو۔ اب شدتِ محبت تقاضا کرتی ہے شدتِ معرفت کا،

اور رسول اللہ ﷺ کی کامل و مکمل معرفت اسی وقت حاصل ہوگی جب آپ ﷺ کی سیرتِ طیبہ سے مکمل واقفیت اور شناسائی حاصل ہو۔یعنی کامل مؤمن بننے کے لیے رسول اللہ ﷺ کی سیرتِ طیبہ سے واقفیت نہایت ضروری ہے۔

اس سے معلوم ہوا کہ!

ایک مسلمان کا اپنا آپ جاننا اتنا ضروری نہیں ہے جتنا رسول اللہ ﷺ کا جاننا ضروی ہے۔

چنانچہ آپ ﷺ کی سیرتِ طیبہ دنیائے اسلام کے لیے ایک عالم گیر آئینہ ہے، جس میں دیکھ کر ہر شخص اپنے جسم وروح، ظاہر وباطن،قول وعمل، زبان ودل، آداب ورسوم، اور طور وطریق کی اصلاح اور درستی کر سکتا ہے۔

رسول اللہ ﷺ کی سیرتِ طیبہ ایک مسلمان کے لیے کامل نمونہ اور اسوۂ حسنہ ہے۔ اس وجہ سے ایک مسلمان کے لیے نہایت ضروری اور اہم ہے کہ اس کے سامنے رسول اللہ ﷺ کی حیاتِ طیبہ کے تمام پہلو ہوں تاکہ وہ اس کے مطابق اپنی زندگی بسر کر سکے۔

اللہ تعالٰی کے فضل وکرم سے تعلیمی وفلاحی ادارہ "سیرۃ انسٹی ٹیوٹ اینڈ ریسرچ سنٹر" نے دینی مدارس کے فضلاء اور عصری تعلیمی اداروں کے گریجویٹ طلباء کے لیے ایک سالہ تخصص فی السیرۃ النبویہ (سیرۃ ڈپلومہ) کا آغاز کر کے ایک نئے باب کا اضافہ کیا ہے۔

تخصص فی السیرۃ ایک سال کے عرصہ پر محیط اپنی نوعیت کا منفرد تخصص ہے،جس میں سیرت النبی ﷺ کو اس کی مبادیات اور اصولی مباحث کے ساتھ باقاعدہ تحقیقی و تخصیصی موضوع کے طور پر پڑھایا جاتا ہے۔اس تخصص کے اجراء کا مقصد بنیادی طور پر

ایسے رجالِ کار تیار کرنا ہے جن کو سیرت النبی ﷺ سے محض واقفیت نہ ہو بلکہ وہ اس فن پر عبور رکھتے ہوئے معاشرے میں علمی، روحانی اور تحقیقی بنیادوں پر سیرت النبی ﷺ کی ترویج واشاعت کے مشن کو آگے بڑھا کر معاشرے کی اصلاح کا عظیم الشان کام کر سکیں۔

مذکورہ تخصص کو چار مراحل (سمسٹرز) میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ہر مرحلہ تین مہینوں پر مشتمل ہے اور ہر مرحلہ کا نصاب بھی مختلف ہے۔ جس میں سیرت کی ابتدائی کتب سے لے کر امہات کتبِ سیرت شامل ہیں۔ جن میں سے بعض کتب درساً پڑھائی جاتی ہیں اور بعض کا مطالعہ کروایا جاتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ متعدد اہلِ علم کے ہفتہ وار محاضرات بھی ہوں گے۔ مختلف عملی نوعیت کی سرگرمیاں بھی تخصص کا بنیادی حصہ ہیں۔

مزید تفصیل درج ذیل ہے:

1. تخصص کا مکمل دورانیہ ایک سال ہے جو کہ چار سمسٹرز پر مشتمل ہے۔
2. مرحلہ وار واقعاتی سیرت، اصول سیرت، فقہ السیرۃ، فلسفہ سیرت اور اجزائے سیرت جیسے موضوعات داخلِ نصاب ہیں۔
3. ہر سمسٹر کے نصاب میں شامل بعض کتب درسی ہیں اور بعض کا مطالعہ کروایا جاتا ہے۔
4. ہر سمسٹر میں دس محاضرات ہوں گی جن میں مشاہیر اہلِ علم اور ماہرینِ سیرت کے لیکچرز بھی شامل ہیں۔
5. حفظ الحدیث کا جامع اور مرتب حصہ بھی شاملِ نصاب ہے۔
6. سیرت النبی ﷺ کے ساتھ ساتھ سیرتِ صحابہ وصحابیات رضوان اللہ علیہم اجمعین

کا بھی مطالعہ کروایا جائے گا۔

7. عصرِ حاضر کی ضروریات پر سیرت النبی ﷺ کی روشنی میں تطبیقی مضامین بھی لکھوائے جاتے ہیں۔
8. مختلف تعلیمی اور مطالعاتی سرگرمیاں بھی تخصص کا حصہ ہیں۔
9. آخری سمسٹر کے بعد چار ماہ کے دوران سیرت النبی ﷺ کے کسی منتخب موضوع پر مقالہ یکجا کر لیں۔
10. مقالہ جمع کروانے کے بعد سند اور سرٹیفکیٹ کا اجرا کیا جائے گا۔
11. سیرت کورس عملی طور پر پڑھانے کا موقع فراہم کیا جائے گا۔

المرحلۃ الاولیٰ

First Semester

پہلی سہ ماہی

تخصص فی السیرۃ النبویہ کے پہلے سمسٹر میں سیرت النبی ﷺ کی بالکل ابتدائی اور عام فہم کتب شاملِ نصاب ہیں، جن کے مطالعہ کے لیے تین ماہ کا دورانیہ مختص کیا گیا ہے۔ اس دوران ہفتہ وار محاضرات (لیکچرز) بھی ہوں گے، جن میں سیرت نگاری کے اصول اور مبادیات پر گفتگو ہوگی۔

کتب برائے لازمی مطالعہ Books for Mandatory study

نمبر شمار	نام کتاب	نام مصنف	ضخامت	مدتِ مطالعہ
1	سیرتِ خاتم الانبیاء ﷺ	مفتی محمد شفیع رحمۃ اللہ علیہ	123 صفحات	15 ایام
2	النبی الخاتم ﷺ	مولانا مناظر احسن گیلانی رحمۃ اللہ علیہ	115 صفحات	15 ایام
3	سیرت کورس	مفتی مصطفیٰ عزیز حفظہ اللہ	497 صفحات	60 ایام
4	اصولِ سیرت	مفتی مصطفیٰ عزیز حفظہ اللہ	250 صفحات	15 ایام

محاضرات کی تفصیل

1. مطالعہ سیرت النبی ﷺ کی ضرورت و اہمیت
2. سیرت نگاری کا آغاز و ارتقاء
3. سیرت نگاری کے مصادر و مراجع
4. کتبِ سیرت کی اقسام و انواع اور ارتقائی ادوار

5. سیرت نگاری کے مناہج واسالیب
6. سیرت اور علومِ سیرت ایک تعارفی جائزہ
7. سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا تاریخی وتکمیلی پہلو
8. سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا جغرافیائی مطالعہ
9. تعلیماتِ سیرت کا معاشرے کی اصلاح میں کردار
10. سیرت کورس کیسے پڑھائیں؟

عملی کام: Practical work

(1) مطالعہ (Study)

المرحلۃ الاولیٰ (پہلے سمسٹر) میں بنیادی طور پر مطالعہ کی تین کتب شاملِ نصاب ہیں، تین ماہ کے دورانیہ میں ان کتب کا مطالعہ کرنا ہر شریکِ تخصص کے ذمہ لازم ہے۔

(2) حلِ تمرینات (Solution of exercises)

نصاب میں شامل کتب میں سے "سیرت کورس" کے ہر سبق کے آخر میں دی گئی تمرینات کو بھی حل کیا جائے۔

(3) محاضرات (Lectures)

پہلے سمسٹر میں "مبادیاتِ سیرت" کے عنوان پر ہفتہ وار لیکچرز ہوں گے، جس میں تمام شرکا کی حاضری ضروری ہے۔

(4) حفظ الحدیث Remember of Hadith

پہلے سمسٹر میں حفظ الحدیث کے تحت جوامع الکلم (چہل احادیث) یاد کروائی جائیں گی۔

المرحلة الثانية

Second Semester

دوسری سہ ماہی

دوسرا سمسٹر بھی تین ماہ کے دورانیہ پر مشتمل ہے۔ اس سمسٹر میں ہفتہ وار لیکچرز میں باقاعدہ سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا آغاز ہوگا۔ مطالعہ میں چند کتب کو لازم کیا گیا ہے اور چند کتب اختیاری مطالعہ کی بھی دی جا رہی ہیں۔

Books for Mandatory study کتب برائے لازمی مطالعہ

نمبر شمار	نام کتاب	نام مصنف	ضخامت	مدتِ مطالعہ
1	سیرۃ المصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	مولانا ادریس کاندھلوی رحمۃ اللہ علیہ	3 جلد	40 ایام
2	نبیٔ رحمت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	مولانا ابوالحسن علی ندوی رحمۃ اللہ علیہ	702 صفحات	30 ایام
3	نشر الطیب فی ذکر النبی الحبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ	287 صفحات	20 ایام
4	علیکم بسنتی	مولانا عبدالحکیم سکھروی رحمۃ اللہ علیہ	120 صفحات	3 ماہ
5	سلسبیل	مفتی مصطفیٰ عزیز حفظہ اللہ	630 صفحات	30 ایام

محاضرات کی تفصیل

1. ابتدائی حالات / اعلان نبوت سے پہلے / خاموش دعوت کی حکمت عملی
2. ہجرت حبشہ / اسلام حمزہ / غم کا سال
3. سفر معراج / قبال العرب / ہجرت کا پہلا سال
4. ہجرت کا دوسرا سال (حصہ اول، دوم) ہجرت کا تیسرا سال (حصہ اول)

5. ہجرت کا تیسرا سال (حصہ دوم)/ ہجرت کا چوتھا سال/ پانچواں سال (حصہ اول)
6. ہجرت کا پانچواں سال (حصہ دوم)/ ہجرت کا چھٹا/ ساتواں سال
7. ہجرت کا آٹھوں سال (حصہ اول/ دوم/ سوم)
8. ہجرت کا نواں سال (حصہ اول/ دوم) ہجرت کا دسواں سال
9. ہجرت کا دسواں/ گیارھواں سال/ ازواجِ مطہرات
10. اولاد، اہل بیت/ ختم نبوت/ سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک نظر میں

عملی کام: Practical work

(1)	مطالعہ	(Study)

المرحلۃ الثانیۃ (دوسرے سمسٹر) میں شامل چار کتب کا مطالعہ کریں اور "علیکم بسنتی" میں ذکر کردہ سنتوں کو عملی زندگی کا حصہ بنانے کی کوشش کریں۔

(2)	محاضرات	(Lectures)

دوسرے سمسٹر میں ہفتہ وار لیکچرز میں "سیرتِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ولادت نبوی سے وصال تک" کے عنوان کے تحت اسباق ہوں گے، جن میں جملہ احباب کی شرکت لازم ہے۔

(3)	حفظِ حدیث	(Memorization of Hadith)

دوسرے سمسٹر میں حفظِ حدیث کے نصاب میں "زاد الطالبین" کا ابتدائی حصہ حفظ کروایا جاتا ہے۔

نوٹ

دوسرے سمسٹر میں شامل مذکورہ چار کتب کا مطالعہ تین ماہ کے دوران کرنا لازم ہے۔

ذیل میں چند کتب اختیاری مطالعہ کی درج کی جاتی ہیں اگر احباب ان کا مطالعہ کرنے کی بھی کوشش کریں تو یقیناً مفید ہوگا۔

کتب برائے اختیاری مطالعہ

Books for Optional study

نمبر شمار	نام کتاب	نام مصنف	ضخامت
1	سیرتِ سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	مولانا عاشق الٰہی رحمۃ اللہ علیہ	429 صفات
2	محاضراتِ سیرت	ڈاکٹر محمود احمد غازی رحمۃ اللہ علیہ	769 صفحات
3	اسوہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	ڈاکٹر عبدالحی عارفی رحمۃ اللہ علیہ	453 صفحات
4	رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	مولانا سید سلیمان ندوی رحمۃ اللہ علیہ	208 صفحات
5	خصائص النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	حافظ زاہد علی حفظہ اللہ	2 جلد

المرحلة الثالثة

Third Semester

تیسری سہ ماہی

تیسرے سمسٹر کا دورانیہ بھی تین مہینوں پر مشتمل ہے۔ ہفتہ وار محاضرہ میں نزول قرآنی کی ترتیب اور سیرۃ طیبہ کی تطبیق کے موضوع کے تحت گفتگو ہوگی۔ مذکورہ سمسٹر میں بھی لازمی مطالعہ کے ساتھ اختیاری مطالعہ کی کتب بھی شامل کی گئی ہیں۔

کتب برائے لازمی مطالعہ Books for Mandatory study

نمبر شمار	نام کتاب	نام مصنف	ضخامت	مدتِ مطالعہ
1	رحمت اللعالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	قاضی محمد سلیمان منصورپوری رحمۃ اللہ علیہ	تین جلد	30 ایام
2	سیرتِ حلبیہ	علامہ برہان الدین حلبی رحمۃ اللہ علیہ	چھ جلد	50 ایام
3	اُسوۃ العالم	الدکتور عائض القرنی حفظہ اللہ	1 جلد	15 ایام
4	کیف عاملهم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	شیخ صالح المنجد حفظہ اللہ	802 صفحات	درساً
5	نزول قرآن کی ترتیب اور سیرت طیبہ کی تطبیق	مفتی مصطفیٰ عزیز حفظہ اللہ	1 جلد	درساً

محاضرات کی تفصیل

1. رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا گھر والوں کے ساتھ معاملہ
2. رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا غریبوں کے ساتھ معاملہ
3. رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا امیروں کے ساتھ معاملہ
4. رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا خواص کے ساتھ معاملہ

5. رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ہمسائیوں کے ساتھ معاملہ
6. رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بچوں کے ساتھ معاملہ
7. رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا خواتین کے ساتھ معاملہ
8. رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا جانوروں کے ساتھ معاملہ
9. رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا غیر مسلموں کے ساتھ معاملہ
10. رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا رشتہ داروں کے ساتھ معاملہ

عملی کام: Practical work

(1) مطالعہ (Study)

المرحلۃ الثالثۃ (تیسرے سمسٹر) میں شامل پانچ کتب میں سے چار کتب کا مطالعہ لازم ہے، جبکہ ''کیف عاملھم صلی اللہ علیہ وسلم'' درساً پڑھائی جاتی ہے۔

(2) محاضرات (Lectures)

تیسرے سمسٹر میں ہفتہ وار محاضرہ میں نزولِ قرآن کی ترتیب اور سیرت طیبہ کی تطبیق کے موضوع پر لیکچرز ہوتے ہیں، جن میں شرکت ضروری ہے۔

(3) حفظ الحدیث (Remember of Hadith)

تیسرے سمسٹر میں حفظ الحدیث کے تحت درود شریف سے متعلق 40 احادیث یاد کروائی جاتی ہیں۔

(4) مضمون نگاری (Article writing)

اس سمسٹر کے دوران تخصص فی السیرۃ النبویۃ کے شرکاء کے درمیان سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کسی منتخب موضوع پر مضمون نگاری کا مقابلہ بھی منعقد کروایا جاتا ہے۔

نوٹ

تین ماہ کے دورانیہ میں مذکورہ بالا کتب کا مطالعہ کرنے کے ساتھ ساتھ ذیل میں دی گئی چند اہم کتب کا مطالعہ کرنے کی بھی کوشش کی جائے۔

کتب برائے اختیاری مطالعہ

Books for Optional study

نمبر شمار	نام کتاب	نام مصنف	ضخامت
1	سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	علامہ شبلی نعمانی رحمۃ اللہ علیہ و سید سلیمان ندوی رحمۃ اللہ علیہ	چھ جلد
2	الرحیق المختوم	مولانا صفی الرحمٰن مبارکپوری رحمۃ اللہ علیہ	595 صفحات
3	رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیاسی زندگی	ڈاکٹر حمید اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ	368 صفحات
4	نور البصر فی سیرۃ خیر البشر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	مولانا حفظ الرحمٰن سیوہاروی رحمۃ اللہ علیہ	272 صفحات

المرحلة الرابعة

Fourth Semester

چوتھی سہ ماہی

حسبِ سابق آخری سمسٹر کا دورانیہ بھی تین ماہ ہے۔ اس دوران بھی ہفتہ وار محاضرات ہوں گی، جن میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مدنی زندگی کے متعلق تفصیل سے گفتگو ہوگی۔ مطالعہ کے نصاب میں لازمی کے ساتھ اختیاری کتب بھی شامل ہیں۔

کتب برائے لازمی مطالعہ

Books for Mandatory study

نمبر شمار	نام کتاب	نام مصنف	ضخامت	مدتِ مطالعہ
1	السیرۃ النبویۃ	علامہ ابنِ ہشام رحمۃ اللہ علیہ	1 جلد	30 ایام
2	فقہ السیرۃ	علامہ سعید رمضان البوطی رحمۃ اللہ علیہ	منتخب	50 ایام
3	شمائلِ ترمذی	امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ	مکمل	15 ایام
4	زاد المعاد فی ھدی خیر العباد	علامہ ابنِ قیم رحمۃ اللہ علیہ	2 جلد	درساً
5	السیرۃ النبویۃ	الدکتور محمد الصلابی حفظہ اللہ	1 جلد	3 ماہ

محاضرات کی تفصیل

1. رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی معاشی زندگی
2. رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیاسی زندگی

3. رسول اللہ ﷺ کی قائدانہ زندگی
4. رسول اللہ ﷺ اور سفارتی تعلقات
5. رسول اللہ ﷺ کی شادیاں اور حکمتِ عملی
6. غزوات النبی ﷺ اور ان کے محرّکات
7. سیرت النبی ﷺ پر اعتراضات کا تاریخی جائزہ
8. رسول اللہ ﷺ کی سیرت طیبہ پر شائع کی گئی یورپین تصانیف کا جائزہ
9. مستشرقین اور مطالعہ سیرت
10. مستشرقین کے لئے دعوتِ فکر

عملی کام: Practical work

(1)	مطالعہ	(Study)

چوتھے اور آخری سمسٹر میں شامل کتب میں سے "فقہ السیر ۃ" کا منتخب حصہ درساً پڑھایا جاتا ہے، جبکہ باقی چار کتب کا مطالعہ کروایا جاتا ہے۔

(2)	محاضرات	(Lectures)

چوتھے سمسٹر میں ہفتہ وار محاضرہ میں سیرت النبی ﷺ کے فکری موضوعات کے تحت دس لیکچرز ہوتے ہیں۔

(3)	حفظ الحدیث	(Remember of Hadith)

چوتھے سمسٹر میں حفظ الحدیث کے تحت کے مختلف موضوعات پر 40 احادیث یاد کروائی جاتی ہیں۔

چوتھے سمسٹر کے آغاز میں تخصص فی السیرۃ النبویۃ کے تمام شرکاء کو سیرت کے متعلقہ موضوعات میں سے کسی موضوع پر مقالہ کا عنوان دیا جائے گا، تین ماہ کے دوران مقالہ لکھ کر جمع کروانا لازم ہے۔ تخصص میں شرکت پر سند اور سرٹیفکیٹ کا اجراء مقالہ مکمل کرنے کے بعد ہوگا۔

نوٹ

ذیل میں چند اہم کتب اختیاری مطالعہ کے لیے درج کی جاتی ہیں، ان کا مطالعہ یقیناً مفید ہوگا۔

کتب برائے اختیاری مطالعہ

Books for Optional study

نمبر شمار	نام کتاب	نام مصنف	ضخامت
1	دلائل النبوۃ	امام ابونعیم اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ	2 جلد
2	المغازی لابنِ اسحاق	امام ابنِ اسحاق رحمۃ اللہ علیہ	1 جلد
3	جوامع السیرۃ	علامہ ابنِ حزم رحمۃ اللہ علیہ	380 صفحات
4	الشفا بتعریف حقوق المصطفیٰ	قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ	2 جلد
5	الخصائص الکبریٰ	الامام السیوطی	2 جلد

ایک مسلمان کا اپنا آپ جاننا اتنا ضروری نہیں جتنا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بارے میں جاننا ضروری ہے۔سیرۃ کا بنیادی مقصد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرۃ طیبہ کو عوام وخواص میں پڑھنا پڑھانا ہے۔اس مقصد کو تکمیل کا زیور دینے کے لیے ایک ذیلی شعبہ سیرۃ انسٹی ٹیوٹ اینڈ ریسرچ سینٹر کی بنیاد رکھی گئی۔

یہ شعبہ سیرۃ طیبہ کو جدید انداز میں جغرافیہ، ویڈیوز، آڈیوز، ایل ۔ ایم ۔ ایس سسٹم کے ذریعے سرانجام دے رہا ہے، ساتھ ہی ساتھ ہر شعبہ زندگی کے مصروف احباب کی مصروفیت کا احترام رکھتے ہوئے مکمل دینی تعلیم کا ماحول اور نصاب کی خدمات سرانجام دے رہا ہے۔

مقصد، مشن، منشور

☆......سیرۃ النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا تعلیمی، تدریسی، سیکھنے اور سکھانے کے انداز کو بنیاد بنا کر بستی بستی، قریہ قریہ، محلہ محلہ، شہروں اور ملکوں میں عوامی سطح پر سیرۃ کورسز کا انعقاد کرنا۔

☆......ایک روزہ، تین روزہ، دس روزہ، تیس روزہ سیرۃ کورس کا نصاب، کتاب، آڈیو، ویڈیو، جغرافیہ اور نقشہ جات کی صورت میں مہیا کرنا۔

☆......تعلیمی اداروں کے ساتھ ساتھ فیکٹریوں، کارخانوں، بازاروں اور عوامی مقامات پر مصروف احباب کی مصروفیات کا احترام کرتے ہوئے سیرۃ کورس کروانا۔

☆......مدراس کے فضلاء کرام اور جدید تعلیم یافتہ احباب کو (معلم تربیت کورس) کے بعد سیرۃ خدمات کے لئے موقع فراہم کرنا۔

☆......سیرۃ نصاب، ختم نبوت، نصاب، فرسٹ کلاس تا انٹرمیڈیٹ تک انگلش، اردو نصاب کی تیاری اور اہل بیت، امہات المومنین رضی اللہ عنہن اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرۃ کے ساتھ

بچوں کے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	بڑوں کے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	خواتین کے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
غریبوں کے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	امیروں کے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	تاجروں کے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مزدوروں کے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	نبیوں کے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا گھرانہ

اور سیرۃ کمپیوٹر کورس شامل ہے۔

☆......بچوں میں سیرۃ کا جذبہ بیدار کرنے کے لئے سیرۃ مقابلہ جات (نعت مقابلہ، تقریری مقابلہ، کوئز مقابلہ، اسماء النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مقابلہ) اور دلچسپ سلسلہ جات شامل ہیں۔

☆......دنیا کی بڑی دس زبانوں میں سیرت کورس کا ترجمہ اور ہر ملک اور ہر شہر میں سیرت انسٹی ٹیوٹ کے انعقاد کا پختہ عزم اور پروگرام رکھتا ہے۔

☆......مصروف احباب کی مصروفیات کا احترام کرتے ہوئے اسلامک شاٹ کورسز کے ذریعہ مکمل دینی تعلیم سکھانے کے سفر پر گامزن ہو چکا ہے۔

☆......آپ کے شہر اور ادارے میں معلم ورکشاپ/ نصاب کی سہولیات/ کورس کامیابی مذاکرہ/ فی سبیل حاصل کرنے کی دعوت ہمیں سعادت مند بنا سکتی ہے۔

سیرہ کے مختلف شعبہ جات

* ......سیرہ انسٹی ٹیوٹ اینڈ ریسرچ سینٹر
* ......سیرہ سکلز ڈویلپمنٹ پروگرام
* ......سیرہ ٹریول اینڈ ٹورز
* ......سیرہ فاؤنڈیشن
* ......سیرہ پبلشرز
* ......سیرہ سکول حفظ القرآن
* ......حدیقۃ السیرۃ
* ......اِی سیرۃ
* ......قرآن وسنت ڈپلومہ

قرآن وسنت ڈپلومہ

ہر ماہ میں ایک کورس پڑھانے سے بنیادی قرآن وسنت کا علم حاصل ہوجاتا ہے۔

مہینہ	کورسز	مہینہ	کورسز
ربیع الاوّل	سیرت کورس (پورے پاکستان میں)	رمضان المبارک	پیغامِ ایمان،خلاصۃ القرآن،تفسیرالقرآن
ربیع الآخر	سنت کورس	شوال	عربی بول چال کورس، تجوید کورس
جمادی الاولیٰ	ختم نبوت کورس	ذوالقعدہ	حج وعمرہ، میراث، کفن دفن کورس
جمادی الآخر	تجارت کورس	ذوالحجہ	دعاوصلاۃ کورس، تاریخ اسلام کورس
رجب	قرآنی گرائمر	محرم الحرام	سیرتِ اہل بیت، سیرتِ صحابہ
شعبان	حدیث کورس، زکوۃ کورس	صفرالمظفر	تربیتِ اولاد، درودوسلام، فقہِ اسلامی

MUFTI MUSTAFA AZIZ

Islamic Scholar, Author, Public Speaker, Guest Speaker in Dunya News.

ABOUT

He is a specialist in Seerah Tayyaba.

He actively participates in social welfare , education and social media platforms to educate people especially young people to become better Muslims and responsible citizens of the country.

It is not as important for a Muslim to know himself as it is to know about the Messenger of Allah (peace and blessings of Allah be upon him). Mufti Sahib is on this mission.

CEO & FOUNDER OF SEERAHT

DEPARTMENTS

سیرة فاؤنڈیشن

Seeraht Foundation

Seeraht School

Seeraht Publishers

Seeraht Skills Development Program

Seeraht Travel & Tourism

Seeraht Health Clinic

Seeraht Park

BOOKS WRITTEN BY HIM

Arabic Course

Masnoon Duaien

Hadees Course

Islamic Nursery

Pegham Eman

Khatam-e-Nabowat

Seerah in Arabic

Seeraht Sahabiyat

Al Mualaqat

Seeraht Sahaba

Prayers For Girls

Prayers For Boys

History of Islam

Seeraht Course

Tijarat Course

Darood-o-Salam

Tarbiyyat Course

Sunnah Course

Seerah

Hajj & Umrah

SEERAHT COURSES (2020-2023)

Seeraht educational programs have reached hundreds of cities, dozens of countries and millions of people.

- **Cities:** approx. 100+ cities.
- Part of criculam in dozen of institutes.
- **Other countries:** approx. 20+ countries.
- Services through e-seeraht.
- **Website visit:** In 90+ countries.
- **Benificiary peoples:** approx. 2,50,000+.

CONTACT

Address: D-645, People's Colony No.1, D Ground Faisalabad, Punjab, Pakistan. 38000

Mobile: +92 323 750 5151 | +974 7123 7090
Office: +923 111 772 111

Email: muftimustafaaziz@gmail.com

Website: www.MuftiMustafaAziz.me
Website: www.seeraht.com